www.KitaboSunnat.com

ابوشاہد ایم۔اے۔

تعارف وتبصرہ کتب

نام کتاب :۔ مسیح موعود کی پہچان (قرآن وسنت کی روشنی میں)

مولف :۔ مفتی محمد شفیع

طباعت :۔ لیتھو صفحات :۔ ۴۴

قیمت :۔ ایک روپیہ پچیس پیسے

ناشر :۔ مکتبہ دارالعلوم کراچی ۔ ۱۴،

مولانا مفتی محمد شفیع صاحب نے آج
مرزائے قادیان کا دعویٰ ہے کہ وہ مسیح موعود ہے ۔
سے پچاس سال پہلے قرآن وسنت کی روشنی میں مسیح موعود کی ،، اعلامات پر مشتمل یہ کتابچہ ترتیب
دیا تھا۔ جس کے مطالعہ سے مرزائے قادیان کا جھوٹا اور کاذب ہونا واضح ہو جاتا ہے ۔
مسیح موعود کی علامات اور حالات ایک جدول میں لکھے گئے ہیں اور قرآن وحدیث کے حوالہ جات
پیش کئے گئے ہیں ۔ دیباچہ میں بتایا گیا ہے کہ احادیث کی عبارتیں خاصی طویل تھیں ا[illegible]
کو ضمیمہ کی صورت میں کتابچہ کے آخر میں درج کیا گیا ہے (ص ۴۰) مگر یہ ضمیمہ ناتمام ہے [illegible]
کی اس خامی کے باوجود کتابچہ قابل مطالعہ ہے ۔ خاص طور پر قادیانی عقیدہ رکھنے والوں تک یہ
کتابچہ پہنچایا جائے ۔ شاید ان میں سے کوئی حقیقت پہچان لے ۔

(۲)

نام کتاب :۔ سیرت یعقوبؒ ومملوکؒ

مولف :۔ پروفیسر انوار الحسن شیرکوٹی

طباعت :۔ گوارا، مجلد مع گردپوش

صفحات :۔ ۲۴۰ قیمت :۔ پندرہ روپے پچھتر پیسے صرف

ناشر :۔ مکتبہ دارالعلوم ۔ کراچی ۔ ۱۴

نانوتہ ضلع سہارنپور کی مردم خیز بستی ہے ۔ یہاں کی صدیقی برادری میں مولانا مملوک علی نانوتویؒ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ